PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان آخری ٹی ٹونٹی میچ کو پنک ڈے سے منسوب کرنے کا اعلان

- صدر پاکستان عارف علوی اور چیئرمین پی سی بی احسان مانی میچ سے قبل پنک ڈے کی تقریب میں شرکت کریں گے

لاہور، 8 اکتوبر 2019ء:

تاریخی قذافی اسٹیڈیم بدھ کے روز گلابی رنگ سے رنگا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تیسرےٹی ٹونٹی میچ کو بریسٹ کینسر کی آگاہی سے منسوب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

میچ سے قبل بریسٹ کینسر سے آگاہی کے حوالے سے تقریب کا اہتمام کیا جائے گا۔ تقریب میں صدر پاکستان عارف علوی اور چیئرمین پی سی بی احسان مانی شرکت کریں گے۔

اس موقع پر صدر پاکستان عارف علوی دونوں ٹیموں کے کپتانوں کو پنک ربن پہنائیں گے۔ میچ میں شریک تمام کھلاڑی اور آفیشلز پنک ربن پہن کر اس مرض سے آگاہی فراہم کرنے میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔

ایشیائی ممالک میں چھاتی کے سرطان سے متاثرہ ممالک میں پاکستان سرفہرست ہیں۔اکتوبر کے مہینے کو اس مرض سے آگاہی کے لیے منسوب کیا گیا ہے۔

اس دوران اسٹیڈیم میں موجود 12 ہزار شائقین میں پنک ربن تقسیم کئیے جائیں گے جبکہ قذافی اسٹیڈیم میں موجود 750 مداحوں میں پنک شرٹس بھی تقسیم کی جائیں گی۔

9میں سے 1 خاتون کے بریسٹ کینسر سے متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے تاہم ماہرین کے مطابق اگر مرض کی تشخیص ابتدائی مرحلے میں ہوجائے تو اس سے چھٹکارے کے امکانات روشن ہوجاتے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4